**AGA KHAN UNIVERSITY EXAMINATION BOARD**

**SECONDARY SCHOOL CERTIFICATE**

**CLASS IX EXAMINATION**

**MAY 2013**

**Urdu Compulsory Paper I**

**Time: 45 minutes Marks: 30**


## ہدایات

1۔ ہر سوال کو غور سے پڑھیے۔

2۔ جوابات کے ورق پر جوابات دیجیے جو علیحدہ مہیا کیا گیا ہے۔ اپنے جوابات، سوالات کے پرچے پر ہرگز نہ لکھیے۔

3۔ جوابات کے ورق پر 100 تک نمبر دیے گئے ہیں۔ آپ 1 سے 30 نمبر تک ہی جوابات دیجیے۔

4۔ ہر سوال کے چار انتخابات (options) D, C, B, A دیے گئے ہیں۔ ان میں سے **ایک** کو منتخب کیجیے۔ پھر جوابات کے صفحے میں متعلقہ دائرے کو پنسل سے بھر دیجیے جیسا کہ نیچے دکھایا گیا ہے۔




**امیدوار کے دستخط**

5۔ اگر آپ اپنا جواب بدلنا چاہیں تو پہلے والے جواب کو مکمل طور پر ربڑ سے مٹا دیجیے پھر نئے دائرے کو بھریے۔

6۔ جوابات کے صفحے میں کچھ نہ لکھیے۔ کمپیوٹر صرف بھرے ہوئے دائروں کو ریکارڈ کرے گا۔

## پہلا جزو سمعی مہارتیں

## ہدایات پر غور کیجیے:

اس جزو کا کل دورانیہ 25 منٹ ہے اور اس کے کل نمبر 16 ہیں، آپ کو دو اقتباسات سنائے جائیں گے۔ ہر اقتباس دوبار سنایا جائے گا۔ پہلے اقتباس نمبر 1 کو غور سے سنیں اور پھر اس اقتباس سے متعلق 8 سوالات کو پڑھیے۔ ان سوالات کو پڑھنے کے لیے 2 منٹ کا وقفہ ہو گا۔ اس کے بعد آپ اقتباس نمبر 1 دوبارہ سنیں گے اور اپنے جوابات جوابی ورق پر موجود چار دائروں میں سے ایک صحیح دائرے کو پُر کر کے دیں گے۔ اس اقتباس کے سوالات کو حل کرنے کے لیے آپ کو 4 منٹ کا وقت دیا جائے گا اس کے فوراً بعد آپ اقتباس نمبر 2 سنیں گے اور اس کے بعد اقتباس نمبر 2 سے متعلق سوالات کو پڑھنے کے لیے 2 منٹ کا وقفہ دیا جائے گا۔ اس کے بعد آپ اقتباس نمبر 2 دوبارہ سنیں گے اور اپنے جوابات جوابی ورق پر موجود چار دائرں میں سے ایک صحیح دائرے کو پُر کر کے دیں گے۔ اس اقتباس کے سوالات کو حل کرنے کے لیے آپ کو 4 منٹ کا وقت دیا جائے گا۔

## اقتباس نمبر 1 سے متعلق سوالات:

1۔ دنیا کا سب سے بڑا آبی جانور کون سا ہے؟

A۔ وھیل
B۔ بلو وھیل
C۔ نارو ھیل
D۔ اسٹار فش

2۔ ایک چھوٹی گاڑی کے برابر کیا چیز ہے؟

A۔ سر
B۔ سینگ
C۔ دُم
D۔ دل

3۔ سینگ سے کیا کام لیا جاتا ہے؟

A۔ ہتھیار کا
B۔ شکار کا
C۔ تیرنے کا
D۔ سانس لینے کا

4۔ روشنی پھیلانے والی مچھلیاں سمندر کے کس حصے میں ہوتی ہیں؟

A۔ کنارے پر
B۔ سطح پر
C۔ گہرائی میں
D۔ کم پانی میں

5۔ روشنی پھیلانے والی مچھلیوں کی تعداد کتنی ہے؟

A۔ 1000

B۔ 1500

C۔ 2000

D۔ 2500

6۔ اسٹار فش کے ہاتھ کے نیچے مزید کتنے ہاتھ ہو سکتے ہیں؟

A۔ دس

B۔ بیس

C۔ تیس

D۔ چالیس

7۔ بلو وھیل ہر روز کتنے ٹن" چھوٹی مچھلیاں " کھاتی ہے؟

A۔ 1ٹن

B۔ 2ٹن

C۔ 3ٹن

D۔ 4ٹن

8۔ بلو وھیل کی اوسط عمر کتنی ہوتی ہے؟

A۔ 50سے90سال

B۔ 60سے90سال

C۔ 70سے90سال

D۔ 80سے90سال

**جب تک آپ سے کہا نہ جائے صفحہ نہ الٹیے**

**اقتباس نمبر 2 سے متعلق سوالات:**

9۔ فاختہ کی چونچ لمبی اور گردن

A۔ چھوٹی ہوتی ہے۔
B۔ بڑی ہوتی ہے۔
C۔ موٹی ہوتی ہے۔
D۔ پتلی ہوتی ہے۔

10۔ کون سے مذہب میں فاختہ کو اہم مقام حاصل ہے؟

A۔ اسلام میں
B۔ عیسائیت میں
C۔ یہودیت میں
D۔ بدھ مت میں

11۔ مغربی دنیا میں فاختہ کو کس چیز کی علامت سمجھا جاتا ہے؟

A۔ جنگ
B۔ نفرت
C۔ محبت
D۔ امن

12۔ سنی گئی عبارت کے مطابق پھل کھانے والی فاختاؤں کو پالنا مشکل ہے، کیوں کہ

A۔ انھیں نرم غذا کی ضرورت ہوتی ہے۔
B۔ انھیں ٹھوس غذا کی ضرورت ہوتی ہے۔
C۔ پھل مہنگے داموں ملتے ہیں۔
D۔ پھل کھلانا مشکل کام ہے۔

13۔ فاختہ کی عمر کتنے سال تک ہو سکتی ہے؟

A۔ 10 سال

B۔ 15 سال

C۔ 20 سال

D۔ 25 سال

14۔ پاک و ہند کے بعد کنٹھ فاختاؤں نے اپنے قیام کے لیے سب سے پہلے کس مقام کا انتخاب کیا؟

A۔ جنوب مشرقی یورپ

B۔ مغربی یورپ

C۔ ناروے

D۔ ڈنمارک

15۔ 1950ء تک کنٹھ فاختہ کس ملک پہنچی؟

A۔ برطانیہ

B۔ ڈنمارک

C۔ ناروے

D۔ آئس لینڈ

16۔ کنٹھ فاختہ امریکہ کی کتنی ریاستوں کو اپنا مسکن بنا چکی ہے؟

A۔ 19

B۔ 20

C۔ 21

D۔ 22

**جب تک آپ سے کہا نہ جائے صفحہ نہ الٹیے**

**دوسرا جزو: تفہیم عبارت خوانی:** اس حصّے کو مکمل کرنے کے لیے آپ کے پاس 20 منٹ ہیں۔

## پہلا اقتباس:

استانی جی: حسن آرا بیگم، محمودہ سے تمہارے پڑھنے کا حال سن کر میں بہت خوش ہوئی اور اتنی تھوڑی مدت میں جو تم نے عبارت پڑھ لینے کی استعداد حاصل کی، میں سب لڑکیوں کے رُوبرو تم کو اس کی شاباش دیتی ہوں۔ میں جانتی ہوں کہ محمودہ سے چُھپ کر پڑھنے کا یہ سبب ہوا ہے کہ تمہاری غیرت نے چھوٹی لڑکیوں کے رُوبرو جو کتابیں پڑھتی ہیں، الف بے پڑھنا پسند نہیں کیا۔ میں تمہاری اس غیرت پر آفریں کہتی ہوں۔

غیرت آدمی کو خدا نے اسی واسطے دی ہے کہ وہ نیک کاموں میں اس سے مدد لے۔ غیرت سُستی اور کاہلی کا تازیانہ ہے۔ غیرت سے شوق کو تیزی اور ارادوں کو پائیداری حاصل ہوتی ہے۔ غیرت ہمارے حق میں امدادِ الٰہی اور تائید غیبی ہے۔ مشکلوں پر غالب آنے اور دقّتوں کو رفع کرنے کے لیے غیرت ایک عمدہ ہتھیار ہے۔ غیرت محنت کو راحت اور تکان کو آسائش دیتی ہے۔ غیرت ہمارے دلوں کی توانائی اور ہماری جانوں کی قیمت ہے۔ غیرت وہ تیر ہے جس کا نشانہ کبھی خطا نہیں ہوتا۔ غیرت وہ تدبیر ہے جس کا نتیجہ ہمیشہ کامیابی اور فتح مندی ہے۔ خوش نصیب ہیں وہ لوگ جن کے مزاج غیور ہوں، اور اقبال مند ہیں وہی جو غیرت مند ہوں۔ حسن آرا بیگم، ہزاروں خوبیوں کی ایک خوبی تم میں یہ غیرت ہے۔ اے لڑکیو، تم سب اس کا اہتمام کرو کہ غیرتیں ماند اور مدھم نہ ہونے پائیں۔

حسن آرا بیگم! یہ تین مہینے جو تم نے پڑھنے میں صرف کیے، تم خود سمجھ گئی ہو گی کہ تمہاری عمر کا یہ بہت چھوٹا سا حصّہ کیسا عمدہ تھا۔ ایسے ایسے نہیں معلوم کتنے ہم تم نے باتوں اور نیند میں ضائع کر دیے اور اگر اس وقت کی طرح ان کو بھی کام کی باتوں میں لگاتیں تو کیا کچھ فائدہ حاصل نہ ہوا ہوتا۔ افسوس! آدمی وقت پر قابو پا کر اس کو اکارت کرے۔ حسن آرا بیگم، اب تم نے اس نیک کام کو شروع کیا ہے تو تندہی سے اس کو ختم تک پہنچاؤ۔ وہ شخص جو شوق کرتا ہے مگر ناتمام، اور ارادہ کرتا ہے مگر ناقص، اس سے زیادہ برا ہے جو بالکل بے شوق ہے۔ بڑی شرم کی بات ہے کہ جن لوگوں نے تمہارا پڑھنا سنا، وہ کبھی یہ بھی سنیں کہ حسن آرا بیگم نے پڑھنا چھوڑ دیا ہے۔ حسن آرا بیگم، کسی آدمی کو اپنی نادانی کی انتہا معلوم نہیں۔ جس کو جتنا آتا ہے۔ وہ اس چوہے کی طرح ہے جو ہلدی کی ایک گرہ پا جانے سے اپنے آپ کو عطّار خیال کرتا ہے۔

## پہلے اقتباس سے متعلق سوالات:

17۔ استانی جی کی تمام لڑکیوں کے سامنے شاباش دینے کی کیا وجہ تھی؟

A۔ حسن آرا نے فرمائش کی تھی

B۔ کام کرنے والے کا حوصلہ بڑھتا ہے

C۔ اچھے کام کا پرچار ہوتا ہے

D۔ استانی جی کی اپنی خود نمائی تھی

18۔ غیرت سے ارادوں کو ملتی ہے

A۔ تائید غیبی

B۔ شہرت

C۔ راحت

D۔ مضبوطی

19۔ مصنّف کے نزدیک غیرت عمدہ ہتھیار اس لیے ہے کہ اس سے

A۔ دلوں کو توانائی حاصل ہوتی ہے۔

B۔ ارادوں کو مضبوطی ملتی ہے۔

C۔ مشکلات کو دُور کیا جا سکتا ہے۔

D۔ کامیابی اور فتح مندی ملتی ہے۔

20۔ استانی جی نے حسن آرا بیگم کی سب سے بڑی صفت کیا بیان کی ہے؟

A۔ نیکی

B۔ تندہی

C۔ غیرت

D۔ قوتِ ارادی

21۔ مصنّف کے خیال میں خوش نصیب کون ہے؟

A۔ دوسروں کی مدد کرنے والا

B۔ غیرت مند

C۔ دولت مند

D۔ مشکلوں پر غالب آنے والا

22۔ پڑھے گئے پیراگراف میں کون سا رنگ نمایاں ہے؟

A۔ سنجیدہ

B۔ مزاحیہ

C۔ طنزیہ

D۔ تنقیدی

23۔ لوگوں کو اپنی کس بات کی انتہا معلوم نہیں ہوتی ہے؟

A۔ نادانی کی

B۔ نیک کام کی

C۔ کامیابی کی

D۔ خوش نصیبی کی

## دوسرا اقتباس:

دیکھو صاحب!

یہ باتیں ہم کو پسند نہیں۔ ۱۸۵۷ء کے خط کا جواب ۱۸۵۹ء میں بھیجتے ہو اور مزا یہ ہے کہ جب تم سے کہا جائے گا تو یہ کہو گے کہ میں نے دُوسرے ہی دن جواب لکھا ہے۔ لطف اس میں ہے کہ میں بھی سچّا اور تم بھی سچّے۔

آج تک رائے امید سنگھ یہیں ہیں اور ابھی نہیں جائیں گے۔ تمھارا مدعا حاصل ہو گیا ہے۔ جس دن وہ آئے تھے اُسی دن مجھ سے کہہ گئے تھے میں بھول گیا اور اس خط میں تم کو نہ لکھا۔ صاحب، وہ فرماتے تھے کہ میں نے کئی مجلد مرزا تفتہ کے دیوان کے اور کئی نسخے "تضمین اشعارِ گلستان" کے ان کی خواہش کے بموجب، کوئی پارسی ہے بمبئی میں، اس کے پاس بھیج دیے ہیں، یقین ہے وہ ایران کو ارسال کر دے گا۔ امید سنگھ نے اس پارسی کا نام بھی لیا تھا، میں بھول گیا۔ اب جو تم کو اس خیال میں مبتلا پایا تو ان کا بیان مجھ کو یاد آیا۔ جانتا ہوں کہ وہ کہاں رہتے ہیں۔ دوبارہ ان کے گھر بھی گیا ہوں، مگر محلے کا نام نہیں جانتا، نہ میرے آدمیوں میں کوئی جانتا ہے۔ اب کسی جاننے والے سے پوچھ کر تم کو لکھ بھیجوں گا۔

میر بادشاہ سے عند الملاقات میری دعا کہہ دینا۔

لاحول ولا قوۃ الا باللہ لکھنے کے قابل بات پھر بھول گیا۔ کل میر کرامت علی صفاؔ تخلص کہ میں نے آگے ان کو کبھی نہیں دیکھا تھا، ناگاہ مجھ سے آکر ملے اور تمھارا پوچھتے رہے۔ میں نے کہہ دیا کہ بخیر و عافیت سکندر آباد میں ہیں جب میں نے ان سے کہا کہ کیا وہ تمھارے آشنا ہیں؟ انھوں نے کہا: صاحب وہ بزرگ اور استاد ہیں، میں ان کا شاگرد ہوں۔ کہیں مدرسے کے علاقے میں نوکر ہیں۔ بسبیل ڈاک یہاں آئے تھے اور آج بسبیل ڈاک انبالہ کو گئے۔ انبالہ اُن کا وطن ہے اور نوکر بھی وہ اسی ضلع میں ہیں۔

نگاشتہ دوشنبہ ۲۳ جنوری ۱۸۵۹ء دہلی — غالبؔ

## دوسرے اقتباس سے متعلق سوالات:

24۔ ۱۸۵۷ء کے خط کا جواب ۱۸۵۹ء میں کیوں دیا؟

A۔ سال ختم ہونے کی وجہ سے
B۔ سُستی کی وجہ سے
C۔ لاپروائی کی وجہ سے
D۔ بھول کی وجہ سے

25۔ امید سنگھ کے کہاں رہنے کی بات غالب نے کی تھی؟

A۔ بمبئی

B۔ دہلی

C۔ ایران

D۔ سکندر آباد

26۔ غالب نے اپنے خط میں کتنی دفعہ "بھول گیا" کا لفظ استعمال کیا ہے؟

A۔ ایک

B۔ دو

C۔ تین

D۔ چار

27۔ غالب نے اپنے خط میں دعا کس کو کہی تھی؟

A۔ مرزا تفتہ کو

B۔ امید سنگھ کو

C۔ بادشاہ کو

D۔ پارسی کو

28۔ تخلص سے کیا مراد ہے؟

A۔ لقب

B۔ خطاب

C۔ ذاتی نام

D۔ شاعرانہ نام

29۔ میر کرامت علی کہاں رہتے تھے؟

A۔ سکندر آباد

B۔ انبالہ

C۔ دہلی

D۔ بمبئی

30۔ درج بالا پڑھی گئی تحریر ادب کی کون سے صنف سے تعلق رکھتی ہے؟

A۔ مکتوب نگاری

B۔ ڈراما نگاری

C۔ افسانہ نگاری

D۔ ناول نگاری

اختتام

# Please use this page for rough work

# Please use this page for rough work